| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'س' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'س' کی پہچان کر سکیں'۔اور اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے( کوئی سے دو)الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو''حروف تہجی اُردو کے''نظم سنائی جائے گی۔بچوں سے حروف'ا تا ژ' کا تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاءفلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف'س' کا درست تلفظ،آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'س' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'س' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'س' ہے۔یہ حروف تہجی کا انیسواں حرف ہے۔اس کی صوتی آواز بتائی جائے گا۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'س' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گےاور حرف س کے ذخیرہ الفاظ (سیب، سورج،سٹرابری،سائیکل،ستارہ،سانپ،سیڑھی )فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔بچوں کو سائیکل کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے؟ آپ نے پہلے اسے کبھی دیکھا ہے؟ یہ کہاں چلتی ہے آسمان پر یا زمین پر؟ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کس کے پاس سائیکل ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ سائیکل کی ابتدائی آواز'س' کی ہے۔حرف'س' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھائی جائیں گی۔ | 10منٹ | پی پی ٹی | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'س' کے کٹ آؤٹس اور چھوٹے چھوٹے ستارے دیے جائیں گے بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'س' کو ستاروں سے سجائیں۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ ستارہ کی ابتدائی آواز'س' ہے۔ | 20منٹ | کٹ آؤٹس<br>ستارے<br>Stickers | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے'س' کی آواز پوچھی جائے گی۔'س' کون سے حرف کے بعد آتا ہے پوچھا جائے گا۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف ’س‘ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’س‘ کی پہچان کرسکیں۔اوراس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے (کوئی سے چار)الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کوحروف تہجی اردو کے،نظم سنائی جائے گی۔بچوں کو’س‘ کافلیش کارڈ دکھا کراس کاتلفظ اورصوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف ’س‘ کا درست تلفظ،آواز اوراس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف ’س‘ کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>سنوگپ شپ سنوگپ شپ ناؤمیں ندی ڈوب چلی<br>شیراوربکری مل کر بیٹھے گھوڑا گھاس نہ کھائے<br>تینوں اپنی ضد کے پورے کون کسے سمجھائے سنوگپ شپ سنوگپ شپ<br>بچوں کوحرف ’س‘ سے شروع ہونے والی اشیاء دکھا کران کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں حرف ’س‘ سے شروع ہونے والی تصاویر کو چھپادیں تختہ سیاہ/سفید بورڈ پرحرف ’س‘ پر پینسل پھیریں۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف ’س‘ کے ساتھی کمرے میں چھپ گئے ہیں۔ان کوتلاش کر کے بورڈ پر’س‘ کے ساتھ چسپاں کریں ایک بڑا فلیش کارڈ بمعہ اشیاء کے کمرے کے ایسے حصے میں لگا دیں جو بچوں کی پہنچ میں ہوتا کہ بچے دوانگلیوں کی مدد سے اسے اسے ٹریس کرسکیں۔بچوں سے کتاب صفحہ 46 کھولنے کو کہا جائے گا بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف ’س‘ پرانگلی پھیریے اوراس سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے حرف ’س‘ کی آواز بار بار دہرائی جائے گی۔ | 20 منٹ | تصاویر فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر<br>46 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں سے سورج اورسیب کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>حرف ’س‘ میں انگلی سے رنگ بھریے۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'س' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'س' کی پہچان سکیں۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے (کوئی سے چار) الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'س' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ اس کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'س' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'س' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'س' کی کہانی سنیں گے۔<br>سعدیہ صبح سویرے اپنی دوست سویرا کے ساتھ سمندر کی سیر کو گئی۔ اس نے وہاں بہت سے خوبصورت سورج مکھی کے پھول دیکھے سویرا سعدیہ کے لیے ساگ اور مکئی کے پراٹھے لے کر آئی جن کو دیکھ کر سعدیہ بہت خوش ہوئی دونوں نے ناشتہ کیا اور واپس گھر کو ہولیں کیونکہ سورج سر پر آ گیا تھا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ پہلا گروپ پیپر سٹرپس کو دائرہ کے کٹ آؤٹس سے جوڑ کر سورج بنائیں گے۔ دوسرا گروپ آئس کریم سٹکس کو جوڑ کر سیڑھی بنائیں گے۔ دونوں گروپس معلّمہ کی نگرانی میں یہ سرگرمی کریں گے۔ | 20 منٹ | دائرے کے کٹ آؤٹس (پیلا پیپر) چارٹ پیپر سٹرپس (مختلف رنگ) گلو آئس کریم | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے سائیکل، سٹرابری، سورج مکھی کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'س' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'س' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اس سے شروع ہونے والے (کوئی سے سات) الفاظ اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'س' کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ حرف 'س' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اور اس میں استعمال ہونے والے 'س' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'س' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'س' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'س' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے سانپ، سیڑھی اور ستارہ کی تصاویر دکھائی جائیں گی بچوں کو ان الفاظ کی ابتدائی آواز بتائی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ پر پھلوں کی تصاویر چسپاں کی جائیں گی۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ ان پھلوں کے نام بتایئے اور 'س' سے شروع ہونے والے پھلوں کے گرد دائرہ بنایئے۔ Salt Tray پر حرف 'س' کی لکھائی کی مشق کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 47 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دی گئی تصاویر کے نام بتانے کو کہا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ کیا پہاڑ کی ابتدائی آواز 'س' ہوتی ہے بچوں کو 'س' کے گرد دائرہ لگانے اور 'س' پر درست بناوٹ کے ساتھ پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | پھلوں کے فلیش کارڈ، رنگین مارکر، کتاب صفحہ نمبر 47 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے سیڑھی اور سانپ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |